باسمہ تعالیٰ

وفاق المدارس العربیہ پاکستان

کے ضمنی امتحان 1446ھ/2025ء کے نتائج کا اعلان

''وفاق المدارس العربیہ پاکستان'' کے ضمنی امتحانات 4 تا 6 ذوالقعدہ 1446ھ مطابق 3 تا 5 مئی 2025ء بروز ہفتہ تا پیر منعقد ہوئے۔

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے صدر حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی صاحب دامت برکاتہم العالیہ اور ناظم اعلیٰ وفاق حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے ضمنی امتحان برائے سال 1446ھ/2025ء کے نتائج کا اعلان مورخہ 26 ذوالقعدہ 1446ھ مطابق 24 مئی 2025ء بروز ہفتہ کر دیا ہے۔

ملک بھر میں طلبہ و طالبات کے کل 252 امتحانی مراکز قائم کیے گئے تھے۔ 15589 طلبہ میں سے 13180 طلبہ نے امتحان میں شرکت کی۔ 10491 طلبہ پاس اور 2689 طلبہ ناکام ہوئے، طلبہ کا نتیجہ 79.6 فیصد رہا۔

اسی طرح 23167 طالبات میں سے 21269 طالبات نے امتحان میں شرکت کی ، 17308 طالبات پاس اور 3961 طالبات ناکام ہوئیں۔ طالبات کا نتیجہ 81.4 فیصد رہا۔

مجموعی طور پر 38756 میں سے 34449 طلبہ و طالبات نے ضمنی امتحان میں شرکت کی۔ ان شرکاء میں سے 27799 نے کامیابی حاصل کی جبکہ 6650 ناکام ہوئے۔ مجموعی نتیجہ 80.69 فیصد رہا۔

24-05-2025